Live healthy
Live happy
Birmingham and Solihull

NHS

برمنگھم اور سولی ہل کے مشترکہ نگہداشتی ریکارڈ (The Birmingham and Solihull Shared Care Record)

برمنگھم اور سولی ہل کے مکینوں کے لیے صحت و نگہداشت کا خفیہ الیکٹرانک ریکارڈ

Solihull Metropolitan Borough Council
URBS · IN · RURE

Birmingham City Council

برمنگھم اور سولی ہل کے مشترکہ نگہداشتی ریکارڈ کیا ہے؟

مشترکہ نگہداشتی ریکارڈ آپ کی صحت اور سماجی نگہداشت سے وابستہ مختلف تنظیموں سے آپ کے تمام الگ الگ ریکارڈز کو اکٹھا کرنے کا ایک طریقہ کار ہے۔

یہ صحت اور سماجی نگہداشت کے ماہرین کو ایسی نگہداشت اور علاج کے حوالے سے متعلقہ معلومات کا جائزہ لینے میں مدد دے گا، جو آپ کو تمام تر سروسز کے دوران موصول ہوا۔

ہمیں معلوم ہے کہ پورے برمنگھم اور سولی ہل میں صحت یا سماجی نگہداشت کی کسی بھی تنظیم سے نگہداشت کی موصولی کے وقت آپ محض ایک بار ہی اپنی کہانی بیان کرنا اور معلومات کا اشتراک کرنا چاہتے ہیں۔ اسی وجہ سے ہم نے مشترکہ نگہداشتی ریکارڈ تشکیل دیا ہے۔

اس پر کون اثرانداز ہوتا ہے؟

کوئی بھی شخص جو برمنگھم اور سولی ہل، کوونٹری (Coventry) اور وارِکشائر (Warwickshire)،یا ہیئرفورڈچیئر (Herefordshire) اور ووسٹیشر (Worcestershire) میں موجود کسی GP پریکٹس کے ساتھ رجسٹر شدہ ہو، وہ اس میں شامل ہو گا/گی۔

اگر آپ اس علاقے کی حدود سے باہر کسی پریکٹس میں رجسٹر شدہ ہوں، تو اس صورت میں آپ کو اپنے GP سے رابطہ کرنا ہو گا تاکہ معلوم ہو سکے کہ آیا آپ کسی مختلف پروگرام میں شامل ہیں یا نہیں۔

آپ کی معلومات کون – اور کیوں دیکھے گا؟

صحت اور سماجی نگہداشت کے ماہرین برمنگھم اور سولی ہل کے مشترکہ نگہداشتی ریکارڈ سے آپ کے ریکارڈز دیکھ سکیں گے۔ آپ سے متعلق معلومات کا مزید جامع نقطہ نظر انہیں آپ کو بہتر، محفوظ تر نگہداشت کی فراہمی میں مدد دے گا۔

ان کا کچھ انتظامی اور نظم و نسق کا عملہ بھی ماہرین کو معاونت فراہم کرنے کی غرض سے ممکنہ طور پر مذکورہ معلومات دیکھ سکتا ہے۔ اس کی مثال یہ ہے کہ بالفرض اگر آپ کو اپائنٹمنٹ لیٹر بھیجنا ہو۔

آپ کی معلومات خفیہ رکھنے کے حوالے سے تمام تر عملے کے لیے قانون پر عمل درآمد کرنا لازمی ہے۔ ہر بار جب وہ آپ کی معلومات کا جائزہ لیتے ہیں، تو اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ریکارڈ رکھا جائے گا کہ وہ محض درست وجوہات کی بناء پر، درست معلومات کا ہی جائزہ لے رہے ہوں۔

کون سے تنظیمیں اس میں شامل ہیں؟

ذیل میں درج کردہ تنظیمیں فی الوقت اس پروگرام میں حصہ لے رہی ہیں:

- برمنگھم اور سولی ہل میں GP پریکٹسز
- برمنگھم اور سولی ہل کی ذہنی صحت NHS فاؤنڈیشن ٹرسٹ (Birmingham and Solihull Mental Health NHS Foundation Trust)
- یونیورسٹی ہاسپٹلز برمنگھم NHS فاؤنڈیشن ٹرسٹ
- برمنگھم کا NHS فاؤنڈیشن ٹرسٹ برائے خواتین و اطفال (Birmingham Women's and Children's NHS Foundation Trust)، (بشمول فارورڈ تِھنکِنگ برمنگھم)
- برمنگھم کمیونٹی کا نگہداشتِ صحت کا NHS فاؤنڈیشن ٹرسٹ (Birmingham Community Healthcare NHS Foundation Trust)
- رائل آرتھوپیڈک ہاسپٹل NHS فاؤنڈیشن ٹرسٹ
- برمنگھم سٹی کونسل
- سولی ہل میٹروپولیٹن بورو کونسل
- برمنگھم ٹرسٹ برائے اطفال (Birmingham Children's Trust)
- ویسٹ مِڈلینڈز ایمبولینس سروس یونیورسٹی NHS فاؤنڈیشن ٹرسٹ

کوونٹری اور وارِکشائر اور ہیئرفورڈشائر اور ووسٹرشائر کے گردونواح کے علاقوں میں صحت و سماجی نگہداشت کی تنظیمیں بھی وہاں پر آپ کو موصول ہونے والی نگہداشت کی ضرورت کے پیشِ نظر آپ کی معلومات دیکھ سکیں گی۔

وہ کیا کیا چیزیں دیکھ سکیں گی؟

مشترکہ نگہداشتی ریکارڈ کا پہلا مرحلہ درج ذیل کے اندر صحت اور سماجی نگہداشت کے ماہرین کو موزوں تفصیلات کا جائزہ لینے میں مدد دے گا:

- آپ کے/کی GP پریکٹس کا میڈیکل ریکارڈ
- ثانوی نگہداشت، جن میں ہسپتال، ذہنی صحت اور کمیونٹی سروس شامل ہیں، کی جانب سے حاصل کردہ معلومات
- زچگی کے ریکارڈز۔

ان معلومات کا جائزہ لینے کا اہل ہونا انہیں بِنا فون کالز کیے یا دیگر تنظیموں کی جانب سے تفصیلات بھیجے جانے کا انتظار کیے، آپ کو ممکنہ طور پر جلد از جلد بہترین نگہداشت کی فراہمی میں مدد دے گا۔

ہم GPs سے معلومات اکٹھی کریں گے اور انہیں ہسپتالوں، بشمول ہنگامی شعبہ جات، میں موجود ماہرینِ صحت کی جانب سے جائزہ لیے جانے کے لیے دستیاب بنائیں گے۔ ہم کمیونٹی اور سماجی نگہداشت، ایمبولینس اور NHS 111 کی سروسز سے بھی معلومات اس میں شامل کریں گے۔

ہم مشترکہ نگہداشتی ریکارڈ تشکیل دینے کے عمل کو جاری رکھیں گے، جس سے صحت و سماجی نگہداشت کی مزید ترتیبات کے اندر ماہرین کو آپ کی نگہداشت میں معاونت کے حوالے سے معلومات کا جائزہ لینے میں مدد ملے گی۔ ہم لوگوں کی نگہداشتی ضروریات کو پورا کرنے کے بہترین طریقہ ہائے کار کو سمجھنے اور تلاش کرنے کے حوالے سے بھی سروسز کو مدد فراہم کریں گے۔

آپ کی معلومات کے استعمال کے طریقہ کار کے حوالے سے سخت گیر قوانین موجود ہیں۔ ہم اس امر کو یقینی بنائیں گے کہ ان کا نظم کیا گیا ہو اور قانونی تقاضوں، بشمول UK قانون برائے ڈیٹا تحفظ (DPA 2018 اور اس کی جگہ نافذ کیے گئے قانون) سمیت، تمام تر قانونی تقاضوں کے مطابق ان کا مناسب طور پر جائزہ لیا گیا ہو۔ باضابطہ جانچ، یا آڈٹس، کے ذریعے اس صورت حال کا جائزہ لیا جائے گا۔

اس کے اہم ہونے کی وجہ کیا ہے

صحت و نگہداشت کے ماہرین بھی آپ کے ریکارڈز سے موزوں معلومات دیکھ سکیں گے۔

اس سے مراد یہ ہے کہ:

- آپ کو ہر بار نگہداشت کی ضرورت پڑنے پر اپنی تفصیلات دہرانے کی ضرورت نہیں ہو گی
- چونکہ آپ کی نگہداشت کرنے والے ماہرین آپ کے ریکارڈز کو فوری طور پر دیکھنے کے قابل ہوں گے، لہٰذا بہتر اور، ممکنہ طور پر، تیز تر علاج ممکن ہو گا
- ماہرینِ صحت کو اپنی سماجی نگہداشت میں معاونت کی وضاحت نہیں کرنی پڑے گی
- معالجین یہ جائزہ لینے کے قابل ہوں گے کہ آپ (فی الوقت) کون سی ادویات لے رہے ہیں، ماضی میں آپ کون سی (ادویات) لے چکے ہیں، اور اگر آپ کو کوئی الرجیز ہوں – تو آپ کے علاج کو محفوظ تر بنایا جائے گا۔

کوئی بھی شخص جسے COVID-19 کے دوران نگہداشت کی ضرورت درپیش ہو، تو اس سے اُس کا علاج مزید مؤثر ہو گا، اس کا سہرا پہلے سے موجود کسی بھی ایسی کیفیات اور ان کے علاج کے متعلق معلومات کی تیز تر دستیابی کے سر جاتا ہے، کہ جو ممکنہ طور پر انہیں لاحق ہوں۔

آگے کیا ہوتا ہے؟

چونکہ اب ہم پروگرام میں حصہ لینے والی تمام تر تنظیموں میں مشترکہ نگہداشتی ریکارڈ پر منتقل ہو گئے ہیں، لہٰذا تبدیلی خود بخود رونما ہو رہی ہے۔



اگر آپ اس تصور کو پسند نہیں کرتے

تو آپ کو کسی بھی وقت اس پر اعتراض کرنے کا حق حاصل ہے – یہ فیصلہ آپ کا ہے۔

تاہم ایسا کرنے سے قبل، براہ کرم محتاط انداز میں سوچ لیں۔ اعتراض کرنے سے مراد یہ ہو گی کہ آپ کو نگہداشت فراہم کرنے والی سروسز، دیگر سروسز کی جانب سے آپ کے ریکارڈز دیکھنے سے قاصر ہوں گی۔

اس سے مراد وہ معلومات ہو سکتی ہیں، جو آپ کو صحت یا سماجی نگہداشت میں معاونت ضرورت پڑنے پر اہم ہو سکتی ہیں – جیسے کہ، کسی ہسپتال کے ہنگامی شعبے میں جانے کے دوران – عین ممکن ہے کہ آپ کو فوری طور پر نتیجے کے طور پر حوالے نہ کی جائے۔

اگر آپ اعتراض نہیں کرنا چاہتے، تو آپ ہمیں درج ذیل پتے کے ذریعے اس سے آگاہ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو مدد درکار ہو، تو براہ کرم **collaborative.care.record@nhs.net** پر ای میل بھیجیں یا **0345 6461163** پر کال کریں۔

مزید معلومات درکار ہیں؟

مشترکہ نگہداشتی ریکارڈ کے حوالے سے اور یہ کہ یہ آپ کے لیے کس قدر اہم ہے، اس بارے میں مزید معلومات کے لیے:

www.livehealthylivehappy.org.uk/birmingham-and-solihull-shared-care-record/

collaborative.care.record@nhs.net

اگر آپ یہ معلومات کسی متبادل فارمیٹ (مثلاً بریل، آڈیو، پڑھنے میں آسان یا اپنی بولی) میں چاہتے ہیں تو براہ کرم درج بالا ای میل ایڈریس کے ذریعے ہماری ٹیم کے کسی رکن سے رابطہ کریں۔

ماہرین اور ان کے معاون ساتھی کارکنان، جنہیں صحت اور سماجی نگہداشت کے ریکارڈز کا جائزہ لینے کا اختیار حاصل ہوتا ہے، وہ سخت گیر اخلاقی ضوابط کے تحت کام کرتے ہیں، اس سے مراد یہ ہے کہ آپ کی رازداری کا احترام اور آپ کی معلومات کو محفوظ رکھنا ان پر لازم ہے۔ ایسا کرنے میں ناکامی سنگین جرم ہے۔ مشترکہ نگہداشتی ریکارڈ کے ذریعے دستیاب، آپ کی تمام معلومات UK قانون برائے ڈیٹا تحفظ (DPA 2018 اور اس کی جگہ نافذ کیے گئے قانون) سے مشروط ہیں۔

ہماری ویب سائٹ پر جانے کے لیے مجھے اسکین کریں